شعبہ اصلاح اعمال

نیک اعمال کی بھی مرحبا کیا بات ہے
قُربِ حق کے طالبوں کے واسطے سوغات ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# "نیک اعمال دعوت اسلامی کی جان ہیں" کے 26حروف کی نسبت سے اصلاح اعمال کے 26مدَنی پھول

﴿عالمی مجلسِ مشاورت (دعوتِ اسلامی)﴾

## شعبے کے قیام کا مقصد:

☆ فرمان امیر اھلسنت دامت برکاتھم العالیہ: دینی کام میں ترقی، اخلاقی تربیت، تقوی ملے اس غرض سے میں نے نیک اعمال کے جائزہ کا سلسلہ شروع کیا ہے ۔

☆ دنیا بھر میں امیر اھلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی طرف سے عطا کردہ نیک اعمال رسالہ Application کی ترویج واشاعت، تربیت اور کارکردگی لینے کے لیے "شعبہ اصلاح اعمال" قائم ہے۔

﴿1﴾ نیک عمل نمبر 1: فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ و اٰلہٖ وسلم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی "مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے"۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث 5942، جلد6، ص185)

لہٰذا اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) نیت فرمالیں کہ:

"میں اللہ پاک کی رضا پانے اور سرکار صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے "شعبہ اصلاح اعمال" کا دینی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ الکریم

﴿2﴾ اصلاح اعمال ذمّہ داران اپنے ملک کے گورنمنٹ اسٹرکچر کے مطابق نیک اعمال کے نفاذ کے لیے کوششیں تیز تر کردیں، اسلامی بہنوں کو مدنی مشوروں، بیانات اور انفرادی کوشش کے ذریعے نیک اعمال پر عمل کی ترغیب دلائیں، یہاں تک کہ ہر منسلک تک نیک اعمال کا رسالہ پہنچ جائے۔

﴿3﴾ اصلاح اعمال ذمہ داران "63 نیک اعمال Android Application کے اس لنک https://play.google.com/store/apps/details?id=com.dawateislami.mada

niinamat کو زیادہ سے زیادہ عام کریں بالخصوص بیرونِ ملک کی اسلامی بہنوں میں اسے ڈاؤن لوڈ کروایا جائے۔


☆ آڈیو رسالہ 63 نیک اعمال جائزہ انفرادی یا اجتماعی طور پر چلایا جائے۔ اور اسے زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے۔

﴿4﴾ ہر سطح کی اصلاح اعمال ذمہ داران" **کل منسلک کے لحاظ سے اصلاح اعمال کارکردگی مضبوط بنانےسے متعلق مدنی پھول** "اور" **ہر ماہ عاملات نیک اعمال بڑھانے سے متعلق مدنی پھول**" کے مطابق عمل کریں۔

(یہ دونوں پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿5﴾ اصلاح اعمال ذمہ داران کی انفرادی کوشش کے باوجود اسلامی بہنیں اگر نیک اعمال کے رسائل کے لیے تیار نہ ہوں تو اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) بالترتیب انفرادی کوشش فرمائیں۔

☆ نئی اسلامی بہن پر درج ذیل طریقۂ کار کے مطابق انفرادی کوشش کی جائے۔




☆ لیکن نرمی و شفقت کے ساتھ یہ کام ہو کہ عمل کا معاملہ ہے بہت زیادہ شفقت اور نرمی برتنی ہوگی رسالہ پُر ہونے یا کھو جانے کی صورت میں اچھے انداز سے ترغیب دلائی جائے اور پچھلا رسالہ حاصل کیا جائے نیا رسالہ دیا جائے۔

☆ اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) نیک اعمال کی ترغیب دلانے یا اس کی ترقی کے لیے کوشش کرنے کے باوجود اگر اسلامی بہنوں پر اس کا اثر نہ پائیں تو ان کو سخت دل یا تعاون نہ کرنے والیاں کہنے کے بجائے اپنے اخلاص کی کمی تصور کر کے توبہ و استغفار کریں۔

﴿6﴾ اصلاح اعمال ذمہ داران (تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح) مختلف شعبہ جات مثلاً اسپیشل پرسنز، شعبہ رابطہ، شعبۂ تعلیم، شعبہ مدرسۃ المدینہ بالغات اور گلی گلی مدرسۃ المدینہ وغیرہ میں متعلقہ ذمہ داران کے ذریعے "نیک اعمال" کو نافذ کریں اور مذکورہ ذمہ داران کے ساتھ مربوط رہیں۔

﴿7﴾ **اجتماعی جائزہ:** ہر سطح کے مدنی مشوروں کے آغاز میں تلاوت و نعت اور اخلاقِ مبلغۂ دعوتِ اسلامی کے 21 مدنی پھول کے بعد جائزہ کی پابندی کی جائے۔ (مرکزی مجلسِ شوریٰ کا مدنی پھول) اجتماعی جائزہ کے مختلف مواقع: سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ، ہر سطح کے مدنی مشوروں، 12 دن / 3 دن / 26 گھنٹے کے رہائشی کورسز اور شارٹ کورسز، ڈیلی کلاسز، الغرض ہر قسم کی تنظیمی گیدرنگ میں "**اجتماعی جائزہ** (63 **نیک اعمال**) " کے مطابق جائزہ کروایا جائے۔" ۔ (زہے نصیب تمام اسلامی بہنیں اپنے گھر والوں بچوں اور بچیوں کو بھی اجتماعی جائزہ کرنے اور کروانے کی سعادت پائیں تو بہت اچھا ہے) (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿8﴾ شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ (محرم الحرام، ربیع الاول، ربیع الآخر رجب المرجب، شعبان المعظم، شوال المکرم، ذوالحجۃ الحرام) میں ہونے والے مدنی مذاکروں میں نفل روزوں کی بھرپور ترغیب ارشاد فرماتے ہیں لہذا ہر سطح کی اصلاح اعمال ذمہ داران اس پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی طرف سے ملنے والے اہداف کو یقینی بنائیں۔

﴿9﴾ ہر سطح کی اصلاح اعمال ذمہ دار انگریزی ماہ کی 26 تاریخ کو" **یوم اور ایام قفل مدینہ منانے سے متعلق دعائے عطار** "واٹس اپ یا مسیج کے ذریعے سینڈ کریں۔

## دعائے عطار!

یا اللہ! جو کوئی ہر مہینے ایامِ قفلِ مدینہ 3 دن کے لیے منائے، اُس کا دونوں جہاں میں بیڑا پار ہو، اس کو تیرے محبوب (صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم) کے جلوے نظر آئیں، دیدار ہو، اُن کے گھر میں سکون قائم ہو، قبر و آخرت میں امن قائم ہو، نزع کی سختیوں سے یہ بچا رہے اور بے حساب مغفرت اس کا مقدر ہو، اُن سب کے صدقے میرے حق میں بھی یہ دعا قبول ہو، مولائے کریم! سب کو ایامِ قفلِ مدینہ منانے کی سعادت نصیب فرما، کہ مہینے میں 3 دن خصوصیت کے ساتھ اور پھر زندگی بھر ہماری زبان پر مدینے کا لاک (Lock) یعنی تالا لگ جائے، ہم اسی وقت بولیں جب اس کی ضرورت ہو اور اے رب! تیری رضا ہو،

تیری رضا نہ ہو تو ہم نہ بولیں کاش! کرم فرمادے، اللہ پاک! کرم فرمادے، جو یومِ قفلِ مدینہ 1 دن کا منائیں گے، ان کے حق میں بھی یہ دعائیں قبول فرمالے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم (مدنی مذاکرہ، 13 اکتوبر 2020ء)

﴿10﴾ ہر سطح کی اصلاح اعمال ذمہ داران کو چاہیئے کہ آڈیو بک "خاموش شہزادہ" لنک https://youtu.be/EBTSKook6N4 کو زیادہ سے زیادہ عام کریں۔ انفرادی / اجتماعی طور پر جہاں جمع کرنا ممکن ہو مثلاً گھر، مدرسہ، اسکول، جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ شعبۂ تعلیم و شعبہ رابطہ کے تحت مختلف اداروں میں یومِ قفلِ مدینہ کے موقع پر بولتار سالہ سنا کر یومِ قفلِ مدینہ میں کثیر افراد کی شمولیت کرواکر خواہشِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کو مزید تقویت دینے کا سبب بنیں۔

﴿11﴾ اصلاح اعمال ذمہ دار پاکستان اور اوورسیز ذمہ دار ہر اسلامی ماہ کی 23 تاریخ کو "**25ویں اور 26ویں شریف کی بہاریں** (**محبتِ مرشد بڑھانے کا نسخہ**)" تمام متعلقہ ذمہ داران کو ان الفاظ کے ساتھ "ماہانہ 25 ویں اور 26 ویں شریف مبارک ہو یہ پمفلٹ تمام ذمہ داران اسلامی بہنوں کو فارورڈ کر دیجئے اور 25ویں 26ویں شریف کی بہاریں لوٹیئے (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿12﴾ تمام اصلاح اعمال ذمہ داران (یوسی / سیکٹر و تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ذیلی وڈویژن) سطح) ہر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے بعد ممکنہ صورت اجتماع گاہ میں موجود۔اجتماعی بینر کے قریب ہی 5 سے 7 منٹ اصلاح اعمال مکتب لگائیں۔

☆ وقف کی جگہ مثلاً جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ وغیرہ میں بینر / پینا فلیکس آویزاں کرنے کے لیے ضرورتاً کیل ٹھونکی جاسکتی ہے مگر کیل ٹھونکنے میں یہ احتیاط کی جائے کہ دیوار بدنما نہ ہو اور اس کا کونا وغیرہ نہ جھڑے، ڈِرل مشین سے سوراخ کیا جائے، بہتر ہے کہ بینر / پینا فلیکس کسی ڈوری سے باندھا یا لٹکایا جائے اور کسی کی ذاتی جگہ مثلاً گھر وغیرہ میں آویزاں کرنے کے لیے اہلِ خانہ سے اجازت لی جائے۔ (دارالافتاء اہلسنّت)

☆ اصلاح اعمال مکتب پر اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی تا تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ذیلی تا ڈویژن) سطح) کا ہونا ضروری ہے۔ جہاں جگہ کشادہ ہو وہاں ڈیسک / میز کرسی کے اہتمام کے ساتھ متعلقہ ذمہ دار نیک اعمال کے رسائل کے ساتھ وہاں موجود ہو۔ تاکہ جو بھی ان کے پاس آئے اس کو بھی عمل کا جذبہ ملے وہ نیک اعمال پر پابندی کا ذہن لے کر جائے۔ نیز وہ اسلامی بہن نہایت ملنسار، خوش اخلاق، مسکرا کر گفتگو کرنے والی ہو اور بستے پر آنے والیوں پر یکساں توجہ دینے والی ہو۔ جو نیک اعمال کے بارے میں اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش کر کے عمل پر آمادہ کرے اور نیک اعمال کے رسائل پیش کرے۔

﴿13﴾ اصلاح اعمال ذمّہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) ہر ماہ ایک بار "**نیک اعمال سے متعلق اُلجھنیں اور اُن کا حل**" کا ضرور مطالعہ فرمائیں تاکہ اگر کوئی الجھن پیش کرے تو اُنہیں اس کے مطابق جواب دیا جاسکے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ اگر ایسی اُلجھنیں آئیں جس کا حل معلوم نہ ہو تو یہ الجھنیں تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اصلاح اعمال ذمہ دار (عالمی سطح) کو جمع کروادیں۔

﴿14﴾ **نیک اعمال کے رسالے کی وصولی کا طریقۂ کار**:۔

☆ تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں اعلانات کروائے جائیں۔ پھر اگر انگریزی ماہ کی 2 تاریخ کے اندر اندر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا دن آرہا ہو تو وہاں نیک اعمال کے رسالے وصول کیئے جائیں۔

☆ انگریزی ماہ کی 2 تاریخ کے اندر اندر علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کا دن ہو تو اصلاحِ اعمال ذمہ دار کو چاہیئے کہ وہ نیکی کی دعوت کے ساتھ ساتھ نیک اعمال کے رسالوں کی وصولی بھی کی جائے۔

☆ بہتر ہے کہ 2 تاریخ کے اندر اندر اصلاح اعمال اجتماع کیا جائے یہاں نیک اعمال کے رسالے وصول کیئے جائیں اور نئے ماہ کا رسالہ پیش کیا جائے۔

☆ اصلاح اعمال ذمہ دار (ذیلی سطح) تمام عاملات نیک اعمال کا براڈکاسٹ گروپ بنائے جس میں روزانہ جائزہ پوسٹ ایک مقررہ ٹائم پر سینڈ کرنے کے ساتھ ساتھ ہر ماہ یاد ہانی کے ساتھ "63 نیک اعمال کا رسالہ جمع کروانے والا آخری پیج / موبائل یوزر، اسکرین شئیرنگ کے ذریعے بذریعہ واٹس اپ وصول فرمائیں۔

☆ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے مقام پر عاملات نیک اعمال اپنا رسالہ کسی طرح سے پہنچادیں پھر اصلاح اعمال ذمہ دار (ذیلی سطح) وہاں سے وصول کرلے۔

☆ نیک اعمال کے رسالے کی وصولی کے لیے اسلامی بہنوں کے گھروں میں جانے کی اجازت نہیں ہے.

☆ جن اسلامی بہنوں کی نظر کمزور ہو یا بزرگ اسلامی بہنیں ہوں اور اُنہیں نیک اعمال کے رسالے میں نشانات لگانے میں دُشواری ہوتی ہو تو ایسی اسلامی بہنوں کو اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) **"بڑے حروف میں تحریر 63نیک اعمال** "میل / پاؤڈر کاپی کروا کر دیا جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ اصلاح اعمال ذمہ دار تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن سطح) میں **"بے پڑھی لکھی** ( **غیر تعلیم یافتہ**) **بزرگ اسلامی بہنوں کے جائزہ سے متعلق مدنی پھول**" کے مطابق عمل کیا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿15﴾ اصلاح اعمال ذمہ داران ذیلی سطح ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات و سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں مکتبۃ المدینہ پر " نیک اعمال " کی اہمیت و ترغیب پر مشتمل مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کُتب و رسائل مثلاً جنت کے طلبگاروں کے لئے مدنی گلدستہ، محبوبِ عطار کی 122 حکایات، ایک چپ سو سکھ، گفتگو کے آداب، صراط الجنان کی تمام جلدیں، 63 اور 83 نیک اعمال کے رسائل ، جنت کی تیاری، نیک بننے کا نسخہ، خاموش شہزادہ (جو بآسانی مل جائیں)، "بڑے حروف میں تحریر 63 نیک اعمال "(پاؤڈر کاپی کروا کر) مکتبۃ المدینہ پر رکھی جائیں مذکورہ کتب و رسائل اعلانات کے ذریعے خریدنے اور تقسیم کرنے کا ذہن بھی دیں۔

☆ ہر اسلامی بہن یہ کوشش کرے کہ وہ عطّار کی مدنی بیٹی بننے کا شرف پا سکے اور یہ شرف پانے کے لیے عطار کی مدنی بیٹی (نیک اعمال رسالے کے صفحہ نمبر 23 پر دیئے گئے کام ) کے مطابق اپنا معمول بنانے کے ساتھ ساتھ دوسری اسلامی بہنوں کو بھی ترغیب دلاتی رہے۔ ممکنہ صورت میں مذکورہ سعادت پانے والی اسلامی بہنوں کو تحفہ بھی پیش کیا جائے تو مکہ مدینہ۔

﴿16﴾ شعبہ اصلاح اعمال کی ہر ذمہ دار کو چاہیے کے نیک اعمال پر استقامت پانے کے لیے 12 ماہ میں ایک بار اصلاح اعمال کورس (رہائشی) (پاکستان میں 7 دن کا اور اوورسیز میں 3 دن کا) کر لیں یا شعبہ شارٹ کورسز کے تحت ہونے والا 3 دن کا غیر رہائشی کورس" جنت کا راستہ " کر لیں اور اپنی ماتحت اسلامی بہنوں کو بھی کورس کرنے کا ذہن دیتی رہیں۔

☆ پاکستان, ہند اور بنگلہ دیش میں اصلاح اعمال ذمہ داران (تحصیل / ٹاؤن (ہند و بنگلہ دیش میں ڈویژن ) سطح) اپنی تحصیل / ٹاؤن (ہند و بنگلہ دیش میں ڈویژن) میں نئی و پرانی عاملات نیک اعمال کو نیک اعمال سے متعلق آگاہی اور آخرت کی تیاری کا ذہن دینے کے لیے ہر ماہ جامعۃ المدینہ (گرلز) / مدرسۃ المدینہ (گرلز) اگر ہوں تو بصورتِ دیگر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع / سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کے مقام پر یا جگہ کا انتخاب کرنے کے مدنی پھولوں کے مطابق جو جگہ مل جائے تحصیل / ٹاؤن (ہند و بنگلہ دیش میں ڈویژن ) سطح پر ہر ماہ ملنے والے " اصلاح اعمال اجتماع" او کے شدہ شیڈول کے مطابق منعقد کریں۔

☆ پاکستان، ہند اور بنگلہ دیش میں اصلاح اعمال ذمہ داران اپنے اپنے ذیلی حلقے میں ہر ہر منسلک اسلامی بہن کو ہر ماہ ہونے والے اصلاح اعمال اجتماع میں شرکت کروائیں۔

☆ مذکورہ سنتوں بھرے اجتماع کی تشہیر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں اعلانات کے ذریعے نیز انفرادی کوشش کے ذریعے نئی و پرانی عاملاتِ نیک اعمال بالخصوص ہر ہر منسلک اسلامی بہن تک اس اجتماع کی نہ صرف دعوت دی جائے بلکہ ان کی شرکت کو یقینی بنایا جائے۔

☆ نیز اصلاح اعمال اجتماع میں ملنے والے تشہیری پمفلٹ کو اسٹیٹس اور واٹس اپ پروفائل پر لگایا جائے۔

☆ اصلاحِ اعمال اجتماع کے لیے دن کا انتخاب کرتے ہوئے دیکھ لیا جائے کہ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع، علاقائی دورہ اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ والے دن نہ آئیں ۔

☆ شرکاء کی تعداد اتنی رکھی جائے کہ بغیر مائیک کے آواز بآسانی سب تک پہنچائی جا سکے۔

﴿17﴾ بیرونِ ملک میں اصلاح اعمال اجتماع کروانے کے لیے ضرورتاً "**مقامی زبان میں اصلاح اعمال اجتماع**" کے مطابق عمل کیا جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ پیپر فائل میں موجود ہے)

☆ اوورسیز اصلاح اعمال ذمہ داران اپنے اپنے ریجن / ملکوں کی مقامی زبان میں اصلاح اعمال کے رسالے بتدریج حکمت عملی کے ساتھ نافذ کرنے کی کوشش فرمائیں۔

☆ اوورسیز (علاوہ ہند اور بنگلہ دیش) کے تمام ملکوں اور ملک و بیرونِ ملک جامعات المدینہ گرلز میں میں انگریزی ماہ کے پہلے ہفتے، معمول والے بیان کے بجائے "اصلاح اعمال" سے متعلق ایک علیحدہ بیان (جو کہ ہر ماہ نگران عالمی مجلس مشاورت کے ذریعے، ریجن نگران کو دیا جائے گا) مع مناجات (عمل کا ہو جذبہ عطا یاالٰہی) کے مطابق کیا جائے۔

☆ اس ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع، کو اصلاح اعمال اجتماع مان لیا جائے گا اور اسے اصلاح اعمال اجتماع کی کارکردگی میں کاونٹ بھی کیا جائے گا نیز نگران اسے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بھی کاونٹ کریں گی۔

☆ مذکورہ ملکوں میں پھر الگ سے اصلاح اعمال اجتماع نہیں ہوگا اسکا مقصد اوورسیز کی ذمہ داران کو ریلکسیشن دینا ہے۔

☆ اوورسیز کے جن ملکوں میں جہاں "ماہانہ "سنتوں بھرا اجتماع ہوتا ہے وہاں اختیار ہے کہ چاہیں تو اصلاح اعمال اجتماع کا بیان کرلیں چاہیں تو معمول والا بیان کرلیا جائے نیز الگ سے اصلاح اعمال اجتماع بھی نہیں ہوگا۔

☆ جہاں بذریعہ آن لائن سنتوں بھرا اجتماع ہوگا وہاں مناجات (عمل کا ہو جذبہ عطا یاالٰہی) نہیں پڑھی جائے۔

## ﴿18﴾ ذمہ داران کی تقرری:

اصلاح اعمال کی ذمہ داران کا تقرر ذیلی حلقہ تا عالمی سطح ہے۔

☆ **اصلاح اعمال ذمہ دار:** اطاعت گزار، امانت دار، وفادار، باکردار و با اخلاق، سنجیدہ، کم گو، عاجزی کی پیکر، احساس ذمہ داری رکھنے والی، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، شرعی پردہ کرنے والی، نیک اعمال کی عاملہ، اصطلاحات دعوت اسلامی سے واقف، دعوت اسلامی کے مدنی اصولوں کی آئینہ دار، مدنی مشوروں اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کی پابند الغرض سراپا ترغیب ہو، عملی طور پر دینی کاموں میں شریک ہو نیز انہیں اپنے شعبے سے متعلق مکمل معلومات ہونا بے حد ضروری ہے مثلاً| نیک اعمال کی الجھنیں اور ان کا حل وغیرہ۔

☆ کسی بھی سطح اور کسی بھی شعبے پر اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ اُن کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس بات کی اہل ہیں؟ 11 مئی 2009 کے نگرانِ شورٰی کے مدنی مشورے میں یہ مدنی پھول بھی تھا کہ: "اَہل اور ہم ذھن کو دینی کام دیا جائے۔"

| نمبر شمار | سطح | | شعبہ |
|---|---|---|---|
| | پاکستان | بیرونِ ملک | |
| 1 | ذیلی | ذیلی | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی سطح) |
| 2 | وارڈ | ----- | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (وارڈ سطح) |
| 3 | یوسی / سیکٹر | ---- | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (یوسی / سیکٹر سطح) |
| 4 | تحصیل / ٹاؤن | ڈویژن | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (تحصیل / ٹاؤن سطح) (اوورسیز میں ڈویژن) |
| 5 | ڈسٹرکٹ | کابینہ | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (ڈسٹرکٹ سطح) (اوورسیز میں کابینہ) |
| 6 | ڈویژن | زون | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح) (اوورسیز میں زون) |
| 7 | صوبہ | ملک کے بعد پہلی سطح | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (صوبہ سطح) (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) |
| 8 | ملک | ملک | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح) |
| 9 | عالمی | | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (عالمی سطح) |

☆ اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) اپنے شعبے کے بارے میں معلومات حاصل کریں، اس کے لیے رِسالہ "نیک بننے کا نسخہ" "ایک چپ سو سکھ" "خاموش شہزادہ"، "بہارِ نیت"، "ثواب بڑھانے کے نسخے" اور کتاب "گفتگو کے آداب" "جنت کے طلبگاروں کے لیے مدنی گلدستہ"، "جنت کی تیاری" اور "فتاوٰی اہلسنّت سلسلہ 7" کا مُطالَعہ بے حد مفید رہے گا۔

☆ اگر کہیں اصلاح اعمال ذمہ دار مقرر نہیں یا مقرر تو ہیں مگر وہ کسی شدید عُذر کی بناء پر دینی کام نہیں کر پا رہیں تو اُس سطح کی نگران اسلامی بہن کے ذریعے متعلقہ دینی کام و کارکردگی تیار کروائی جائے۔

☆ شعبہ "**اصلاح اعمال**" پر نئی ذمہ دار اسلامی بہن کی تقرری کی بناء پر تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) کو شعبے کے مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

﴾19﴿ اصلاح اعمال ذمہ داران(ذیلی تا عالمی سطح )" **شعبہ اصلاح اعمال ذمہ داران کی تنظیمی ذمہ داریاں (جاب ڈسکرپشن)**" کے مطابق شعبہ کا دینی کام کیا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

## ﴾20﴿ ماہانہ اہداف:

☆ ہر ماہ فی ذیلی حلقہ 26 نیک اعمال کے رسائل تقسیم اور 12 وصول کرنے کا ہدف ہے۔

☆ ہر ماہ شعبہ سے متعلق ملنے والے اہداف پورے کرنے کے لیے اصلاح اعمال ذمہ داران(ذیلی تاعالمی سطح)خوش دلی کے ساتھ بھرپور کوشش فرمائیں۔ اصلاح اعمال ذمہ داران کارکردگی کے ہر ہر کالم پر ہدف نہ دیں بلکہ جہاں مدنی مشورہ ہو گا وہاں کی نوعیت کے مطابق جس دینی کام میں کمزوری ہو صرف اس کا ہدف دیا جائے اور جو ہدف دیا جائے پھر اس کا Follow up ضرور کیا جائے۔

☆ اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تاعالمی سطح) ممکنہ صورت میں اپنی ذاتی رقم سے ماہانہ نیک اعمال کے 26 رسائل خرید کر تقسیم کریں اور روزانہ جائزہ کا احساس دلاتے ہوئے ہر انگریزی ماہ کی پہلی تاریخ کو اپنے ذیلی حلقے میں جمع کروانے کی ترغیب دلائیں۔

☆ ذمہ داران اپنی ماتحت اسلامی بہنوں پر شفقت فرماتے ہوئے انہیں ہر ماہ کم از کم 1 نیک عمل پر عمل بڑھانے کی ترغیب دلاتی رہیں اور خود بھی اس پر عمل کریں۔

## ﴾21﴿ ماہانہ مَدَنی مشورے و مَدَنی پھول :

اصلاح اعمال ذمہ داران(وارڈ تاعالمی سطح) کو چاہیئے کہ ہر سطح کے مدنی مشوروں میں جائزہ کروائیں۔

| مدنی مشورے کی تاریخیں (انگریزی) | مدنی مشورہ لینے والی | سطح | شرکاء |
|---|---|---|---|
| 4 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (وارڈ سطح) | وارڈ | اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی سطح) |
| 5 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (یوسی / سیکٹر سطح) | یوسی / سیکٹر | اصلاح اعمال ذمہ داران (وارڈ سطح) |
| 6 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (تحصیل / ٹاؤن سطح)(اوورسیز میں ڈویژن) | تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) | اصلاح اعمال ذمہ داران (یوسی / سیکٹر سطح)(اوورسیز میں ذیلی) |
| 7 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن(ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) | ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) | اصلاح اعمال ذمہ داران (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) |
| 8 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) | ڈویژن (اوورسیز میں زون) | اصلاح اعمال ذمہ داران (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح) |
| 9 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) | صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) | اصلاح اعمال ذمہ داران ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح |
| 11 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح) | ملک | اصلاح اعمال ذمہ داران (صوبہ (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) |
| 12 | اصلاح اعمال ذمہ دار اسلامی بہن (عالمی سطح) | عالمی | اصلاح اعمال ذمہ داران ملک ( اوورسیز میں ریجن / ملک سطح) |

☆ مدنی پھول برائے اصلاح اعمال پر کلام، انفرادی کارکردگی، پیشگی شیڈول وکارکردگی شیڈول، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ

☆ ضرور تاً مدنی مشورے کی تاریخ میں باہم مشاورت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے

☆ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے عالمی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت ضروری ہے۔

☆ اگر کسی ماہ شعبہ مشاورت ذمہ دار مدنی مشورہ لیں تو اُس شعبے کی ذمہ دار الگ سے مدنی مشورہ نہ لیں۔

## 22﴾ ماہانہ کارکردگی کی تاریخیں:

شعبہ اصلاح اعمال ذمہ دار (ذیلی تا تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق ماہانہ کارکردگی مینول تیار کریں۔ اصلاح اعمال ذمہ داران ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) سطح ہر انگریزی ماہ کی 6 تاریخ کو نیک اعمال + مدنی مذاکرہ کارکردگی اینٹر کریں پھر 6 تاریخ کو ہی پاکستانی وقت کے مطابق رات 12 بجے سے پہلے پہلے اصلاح اعمال ذمہ داران (ڈویژن / صوبہ / ملک سطح) اینٹری نامکمل ہونے کی صورت میں ڈسٹرکٹ وائز اینٹری مکمل کروائیں۔

☆ اصلاح اعمال ذمہ دار (پاکستان سطح) انگریزی ماہ کی 10 تاریخ کو ادارتی شعبہ جات جامعۃ المدینہ گرلز، دارالمدینہ گرلز، مدرستہ المدینہ گرلز اور فیضان ان لائن اکیڈمی سے اصلاح اعمال اور مدنی مذاکرہ کارکردگی وصول کرکے پاکستان کی مینول کارکردگی مع سافٹ ویئر کارکردگی نگران پاکستان اسلامی بہن، شعبہ معاونت (پاکستان سطح) اور اصلاح اعمال ذمہ دار (عالمی سطح) کو جمع کروائیں۔

| | |
|---|---|
| ☆ ڈویژن (اوورسیز میں زون): **8** | ☆ صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن): **9** |
| ☆ ملک: **10** | ☆ عالمی: **11** |

☆ اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی حلقہ تا عالمی سطح) ہر انگریزی ماہ کی 2 تاریخ تک کارکردگی شیڈول اور ہر انگریزی ماہ کی 19 سے 26 کے درمیان " **ماہانہ پیشگی شیڈول** بالترتیب شعبہ ذمہ دار و نگران اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

("**ذیلی حلقہ تا عالمی کارکردگی اصلاح اعمال** "مع "**تقابلی جائزہ** ریکارڈ فائل موجود ہے)

☆ اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) کارکردگی فارم اپنی ماتحت ذمہ داران کی کارکردگیوں کو مدِّ نظر رکھ کر پُر فرمائیں۔

(یاد رہے!!! کارکردگی مدنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مدنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو کارکردگی پیش کردیں۔)

☆ کسی سطح پر کارکردگی نہ ملے تو احسن طریقے سے پُوچھ گچھ ضرور کی جائے اس سلسلے میں ذمہ دار اسلامی بہن کا انداز جارحانہ یا حاکمانہ نہ ہو بلکہ احساس دلا کر ایسا ذہن دیا جائے کہ آئندہ کبھی کارکردگی کا ناغہ نہ ہو، اصلاح اعمال کی ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کارکردگی وقتِ مقررہ پر احساسِ ذمہ داری کے ساتھ وُصول کرنے اور جمع کروائیں۔

☆ اس کام کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے قبل از وقت جمع کروانے کی یاددہانی کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے، کیونکہ کارکردگی جمع نہ ہوئی یا جمع کرنے میں تاخیر کا سامنا ہوا تو عالمی سطح تک کی کارکردگی متأثر اور دینی کام کے نقصان کا اندیشہ ہے۔ نیز نیک اعمال کی کارکردگی کو وصول کرتے وقت پچھلے ماہ کی کارکردگی کو سامنے رکھ کر بغور دیکھا جائے تاکہ کمی / بیشی کی نشاندہی ہو اور اغلاط کی بروقت اصلاح کی جاسکے۔

☆ اصلاح اعمال ذمہ داران (وارڈ تا عالمی سطح) ماہانہ مدنی مشورے میں اپنی ماتحت ذمہ داران کی بہتر کارکردگی مثلاً ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع / سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ و مدنی مشورے کی پابندی، ہر ماہ کارکردگی وقت پر جمع کروانے اور ان کے یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ذیلی) میں عاملات نیک اعمال میں اضافہ ہونے کی صورت میں حوصلہ افزائی کرتے ہوئے دینی تحائف (کتب و رسائل وغیرہ) دیئے جائیں ﴿یاد رہے! مدنی عطیات سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں۔﴾

☆ دینی تحائف دیتے وقت یہ نیت بھی کروائی جائے کہ کب تک پڑھ یا سُن لیں گی؟

☆ اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) اپنی نگران اسلامی بہن سے مربوط رہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں، جو اپنی ذمہ دار اسلامی بہن سے جتنا زیادہ مربوط رہے گی وہ اتنی ہی مضبوط ہوتی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ الکریم۔

﴿23﴾ اصلاح اعمال ذمہ دار عالمی سطح ہر ماہ " **اصلاح اعمال ذمہ دار عالمی سطح کے کام**" کے مطابق شعبے کے دینی کام کرے۔

﴿24﴾ اصلاح اعمال ذمّہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) اپنی دنیا اور آخِرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

تمام شعبہ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کُتبِ امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاوٰی رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ خصوصاً صدر الافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام "کتاب العقائد / "بنیادی عقائد اور معمولاتِ اہلسنّت" (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)، بہار شریعت کا پہلا حصہ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، مسائل سیکھنے کے لئے بہار شریعت کے منتخب ابواب اور حصوں کے ساتھ ساتھ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے جملہ کتب و رسائل، اچھے برے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لئے "باطنی بیماریوں کی معلومات "اچھے اخلاق حاصل کرنے کا طریقہ پر مبنی منجیّات کی کتابیں (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ کیجئے مطالعہ کرنے کے لئے کچھ وقت مثلاً (صبح 19 منٹ) امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی کتب و رسائل کے لئے اور اسی طرح دیگر کتب کے لئے بھی کچھ وقت مثلاً (بعدِ مغرب و قبل طعام 19 منٹ) خاص کیجئے۔

☆ شرعی پردے کی پابندی کریں اور دیدہ زیب برقع پہننے سے اجتناب کریں ۔

☆ عملی طور پر دینی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے دینی کاموں میں صرف کیجئے، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اجتماع اور ماہانہ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے نیک اعمال پر عمل کے ساتھ روزانہ جائزہ لیتے ہوئے ہر ماہ نیک اعمال کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ایک ماہ میں کم از کم 3 دن شیڈول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ مدنی بیٹی بننے کی کوشش جاری رکھیں نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں، کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھیں۔

☆ مرکزی مجلسِ شورٰی، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچائیں۔

☆ ہفتہ وار live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر ریکارڈ مدنی مذاکروں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی التجا ہے اس کے لئے اور شارٹ کورسز میں کام کو بہتر انداز میں کرنے کے لئے www.dawateislami.net وزِٹ کریں۔

☆ دینی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص نیک عمل نمبر 15 اور 44 کی عاملہ بن جائیں۔

☆ نیک عمل نمبر 15: کیا آج آپ نے "**عالمی مجلس مشاورت**" کے اُصولوں کے مطابق اپنی نگران کی اطاعت کی؟ (فرمان امیر اہل سنّت دامت برکاتہم العالیہ: شریعت کی اجازت ہونے کی صورت میں شورٰی کی اطاعت میری اطاعت، شورٰی کی نافرمانی میری نافرمانی ہے (شعبہ اصلاح اعمال)

☆ نیک عمل نمبر 44: کسی ذمّے دار (یا عام اسلامی بہن سے) بُرائی صادر ہوجائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر بذریعہ مسیج یا براہ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کیساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی، یا معاذَاللہ بِلا اجازت شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہ کبیرہ کر بیٹھیں؟ ہاں! خود سمجھانے کی جرأت نہ ہو، یا ناکامی کی صورت میں تنظیمی طریقہ کار کے مطابق مسئلہ حل کرنے میں حرج نہیں۔ (جبکہ اُس کی بُرائی دعوت اسلامی کے لئے نقصان دہ ہو)

☆ مَدَنی مذاکرے کا سلسلہ 1361 میں امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے اسلامی بہنوں کو اس تحریک میں شامل ہونے کا ذہن دیا۔ "نمازی بڑھاؤ تحریک جاری رہے گی"، اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

☆ نمازی بڑھاؤ تحریک میں یہ احتیاط پیشِ نظر رہے کہ کسی سے سُوال نہیں کرسکتے کہ آپ نماز پڑھتی ہیں یا نہیں؟ یا آپ کی کتنی نمازیں قضاء ہیں؟ یاد رہے کہ یہ اظہار نہیں کرسکتے کہ نماز نہیں پڑھتی یا اتنی نمازیں قضاء ہیں۔ کیوں کہ "گناہ کا اظہار بھی گناہ ہے" خود بھی اس تحریک میں شمولیت اختیار کریں اور دوسری اسلامی بہنوں کو بھی اس تحریک میں شامل ہونے کا ذہن دیں۔

## پوچھ گچھ

فرمانِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ: "پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے" (مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

☆ اصلاح اعمال ذمّہ داران(ذیلی تاعالمی سطح)"مدنی پھول برائے "مع ریکارڈ پیپرز Display faile میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ اصلاح اعمال ذمّہ داران(ذیلی تاعالمی سطح)اپنی ماتحت ذمہ داران کے پُر شدہ "کارکردگی فارمز "اور "پُر شدہ "(کم از کم دو سال تک) Display faile میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ اصلاح اعمال ذمّہ داران(ذیلی تاعالمی سطح)"مدنی پھول برائے "میں موجود کام اپنے پاس ڈائری میں بطورِ یادداشت تحریر فرمالیں یانمایاں کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ اصلاح اعمال ذمّہ داران(ذیلی تاعالمی سطح)ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ اِن مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کے لیے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ "مدنی پھول برائے اصلاح اعمال "سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ "مدنی پھول برائے اصلاح اعمال "سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق ملکی کابینہ کے نگران اور متعلقہ ریجن نگران کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

اللہ پاک عامل نیک اعمال شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کے صدقے ہمیں مرتے دم تک اخلاص کے ساتھ نیک اعمال پر عمل کرنے اور اس کی دھومیں مچانے کی عظیم سعادت نصیب فرمائے۔

اٰمین بِجَاہِ خاتم النبین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

میں بن جاؤں سراپا نیک اعمال کی تصویر    بنوں گی نیک یااللہ اگر رحمت تری ہوگی

یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں۔